© rasailojaraid.com

دیا ہے۔ یہ رسالہ مجلس نشر السُنّۃ مخدوم رشید (ملتان) نے شائع کیا ہے۔ قیمت ۵۰ پیسے ہے اس مجلس نے اس قسم کے اور بھی متعدد رسالے شائع کئے ہیں۔

**سنت قرآن کے آئینے میں** شیخ الحدیث مولانا محمد اسمٰعیل سلفی صاحب کا یہ مختصر رسالہ انجمن اشاعت السُنّہ ۔ ۸ م ۳ جناح کالونی، لائلپور نے شائع کیا ہے۔ اس رسالے میں حجیتِ حدیث پر بحث کی گئی ہے۔ اور بتایا گیا ہے کہ تعلیمات اسلامی میں حدیث کی حیثیت ایسے جزو کی ہے، جس کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔

**الطاف ربانیہ** اس ۳۲ صفحے کے ٹریکٹ میں مولانا مفتی عزیز الرحمٰن مرحوم کا ایک مضمون جو حضرت شاہ عبدالغنی دہلوی مہاجر مدنی کے ایک مرید مولانا شاہ محمد رفیع الدین دیوبندی پر ہے شائع کیا گیا ہے۔ حضرت شاہ عبدالغنی حضرت مجدد الف ثانی کے خاندان میں سے تھے شاہ اسحاق سے آپ نے حدیث پڑھی۔ شاہ غلام علی کے خلفاء سے سلوک باطنی کی تکمیل کی۔ پھر مسند آبائی پر فائز ہوئے۔ ۱۸۵۷ء کے ہنگامے سے قبل ہندوستان سے ہجرت فرما کر حجاز تشریف لے گئے، اور وہیں انتقال ہوا۔

شاہ عبدالغنی صاحب کو اپنے شاگردوں میں سب سے زیادہ محبت حضرت مولانا گنگوہی اور حضرت مولانا نانوتوی کے ساتھ ہے۔ اور مریدین میں موردِ عنایتِ خاصہ مولانا شاہ رفیع الدین صاحب دیوبندی (جن کا ذکر اس رسالے میں ہے) مہتمم مدرسہ عالیہ اسلامیہ تھے۔" آخر میں شاہ عبدالغنی کے کئی مکتوبات درج رسالہ ہیں۔ اس رسالے کے ناشر مولوی عبداللہ میاں عربک ٹیچر سندھ مدرسۃ الاسلام کراچی ہیں۔ ہدیہ ۳۷ پیسے۔

**اصلی حنفیت** مرتبہ مولانا احمد علی رحمۃ اللہ علیہ (مرحوم و مغفور) مجلس اصلاح و تبلیغ اکمٹی بازار لاہور نے حضرت مولانا احمد علیؒ کا مضمون بعنوان "اصلی حنفیت" ٹریکٹ کی شکل میں شائع کیا ہے، جسے ۷ پیسے کے ٹکٹ بھیجکر مجلس مذکور سے مفت طلب کیا جا سکتا ہے۔ حضرت مولانا مرحومؒ نے اپنے اس مضمون میں حنفی بھائیوں سے آپس کی نا چاقی دور کرنے کی دردمندانہ اپیل کی ہے اور بتایا ہے کہ حضرت امام الائمہ مولانا و مقتدانا امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا صحیح متبع کون ہے، اور حنفیت صحیحہ کا علم بردار کون ہے؟

الرحیم حیدرآباد ۔۔۔ ۱۹۶۸ء

© rasailojaraid.com